This question paper contains 3 printed pages]

R—262—2016

FACULTY OF HUMANITIES

B.A. (First Year) (First Semester) EXAMINATION

MARCH/APRIL, 2016

URDU

Paper I (Optional)

(Dastan aur Afsana)

(Theory+MCQ)

(Friday, 1-4-2016) **Time : 10.00 a.m. to 12.00 noon**

Time—Two Hours *Maximum Marks—40*

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(Theory)

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** کی بحوالہء سیاق وسباق تشریح لکھئے : ۵

(۱) ''بہنوں اور بیٹیوں کو یوں تو دھتکارنا نہیں چاہئے۔ بیچاری دو دن کی مہمان۔ آج نہیں تو کل کل نہیں تو پرسوں۔ ایک دن چل ہی دے گی۔''

(۲) ''اللہ! میرے اللہ میاں! اب کے تو میری آپا کا نصیب کھل جائے۔ میرے اللہ میں سو رکعت نفل تیری درگاہ میں پڑھوں گی۔''

۲۔ سیر دوسرے درویش کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔ ۱۰

یا

اُردو داستان کے آغاز وارتقاء پر سیر حاصل تبصرہ کیجئے۔

۳۔ درج ذیل میں سے کسی **ایک** افسانہ کا تنقیدی جائزہ لیجئے : ۱۰

(۱) نورونار

(۲) ٹوبہ ٹیک سنگھ

P.T.O.

۴۔ درج ذیل میں سے کسی **ایک** پر نوٹ لکھئے : ۵

(۱) ''پہلے درویش'' کی زخمی شہزادی۔

(۲) اولاد سے محرومی کی وجہ سے آزاد بخت کی کیفیت۔

(MCQ)

۵۔ درج ذیل سوالات کا موزوں جواب منتخب کیجئے : ۱۰

(۱) کس کی فرمائش پر میرامن نے داستان ''باغ و بہار لکھی'' ؟

(A) پروفیسر آرنلڈ (B) ڈاکٹر جان گلکرسٹ

(C) مرزا علی لطف (D) پروفیسر ہالرائیڈ

(۲) داستان ''باغ و بہار'' میں ملکِ روم کے بادشاہ کا نام کیا تھا؟

(A) آزاد بخت (B) فیروز بخت

(C) شوکت بخت (D) سکندر بخت

(۳) ''باغ و بہار'' کیا ہے ؟

(A) ناول (B) افسانہ

(C) داستان (D) خاکہ

(۴) پہلے درویش کی بہن نے بھائی کو تجارت کے لئے کس ملک جانے کا مشورہ دیا ؟

(A) جزیرۂ فرنگ (B) روم

(C) کویت (D) دمشق

(۵) داستان کا سب سے اہم عنصر کون سا ہے ؟

(A) مافوق الفطرت عناصر (B) پلاٹ

(C) کردار (D) مکالمہ

(۶) ''الماس'' کس افسانہ کا کردار ہے ؟

(A) نورونار (B) چوتھی کا جوڑا

(C) نظارۂ درمیاں ہے (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(۷) قرۃ العین حیدر کو عام طور پر ادبی حلقوں میں کس نام سے مخاطب کیا جاتا ہے؟

(A) نفسیہ آپا (B) حیدری آپا

(C) ذکیہ آپا (D) عینی آپا

(۸) پریم چند کے کس افسانوی مجموعہ کو انگریزی حکومت نے ضبط کرنے کا حکم دیا تھا؟

(A) پریم بتیسی (B) سوزِ وطن

(C) پریم پچیسی (D) انگارے

(۹) مدن کی بیوی کا نام کیا ہے؟

(A) اندو (B) کملا

(C) نندا (D) جیوتی

(۱۰) مختصر افسانے کا بانی کون ہے؟

(A) کرشن چندر (B) سجاد ظہیر

(C) منشی پریم چند (D) منٹو